نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کیلئے کھادوں کے استعمال بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور: **17 مارچ 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ اگیتی کپاس سے زیادہ پیداوار کے حصول کے لئے کمزور زمین میں دو بوری ڈی اے پی + سوا چار بوری یوریا + ڈیڑھ بوری ایس او پی فی ایکڑ جبکہ درمیانی زمین میں پونے دو بوری ڈی اے پی + پونے چار بوری یوریا + ڈیڑھ بوری ایس او پی فی ایکڑ اور زرخیز زمین میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی + سوا تین بوری یوریا + ڈیڑھ بوری ایس او پی استعمال کریں۔ کاشتکار فاسفورس اور پوٹاش والی کھادوں کی تمام مقدار اور نائٹروجنی کھاد کا 1/4 حصہ بوقت تیاری زمین ڈالیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ اگیتی کاشت سے قریباً 50 سے 60 من فی ایکڑ پیداوار حاصل ہوتی ہے لہٰذا کاشتکار کنولہ، آلو، مٹر اور کماد کی برداشت کے بعد خالی ہونے والے رقبوں پر ترجیحاً کپاس کی اگیتی کاشت کر کے بھرپور منافع کمائیں۔

☆☆☆☆☆